**13.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

........................................................................

☆ کلکتہ ہائی کورٹ نے CBI کو، کولکتہ کے ایک اسپتال میں ایک ڈاکٹر کی مبینہ آبروریزی اور قتل کی تحقیقات کرنے کا حکم دیا ہے۔ مرکز نے احتجاجی ڈاکٹروں کو قصوروار کے خلاف کارروائی کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

☆ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں دلّی کے وزیرِاعلیٰ اروند کجریوال اور BRS لیڈر کے کویتا کی عدالتی تحویل میں 2 ستمبر تک توسیع کردی گئی ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 78ویں یومِ آزادی کے موقع پر کل قوم سے خطاب کریں گی۔

☆ یومِ آزادی تقریبات کے حصے کے طور پر ہر گھر ترنگا ریلیاں ملک بھر میں منعقد کی جارہی ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے، اروناچل پردیش میں 600 فٹ سے زیادہ طویل ترنگے کی یاترا پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے مغربی ہمالیائی خطے، اترپردیش، ہماچل پردیش اور مشرقی بھارت میں آئندہ سات دنوں کے دوران شدید بارش رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *WB HC CBI Doctor Case*

کلکتہ ہائی کورٹ نے، کولکاتا میں آر- جی- کر میڈیکل کالج اور اسپتال میں، ایک ڈاکٹر کی مبینہ آبرو ریزی اور قتل کے کیس کی، CBI کے ذریعے تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

چیف جسٹس ٹی- ایس- Sivagnanam اور جسٹس ہرن موئے بھٹا چاریہ نے آج یہ حکم جاری کیا۔

تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے

VC-

ہائی کورٹ نے پولیس سے کہا ہے کہ وہ سبھی دستاویزات، فوری طور پر CBI کے حوالے کردے۔ عدالت، متاثرہ کے والدین کی درخواستوں سمیت سبھی درخواستوں پر سماعت کر رہی تھی۔ عدالت نے گورنمنٹ میڈیکل کالج کے

سابق پرنسپل سندیپ گھوش کو غیر معینہ مدت کی چھٹی پر بھیج دیا ہے۔ سندیپ گھوش کو کل، ریاستی سرکار نے نیشنل میڈیکل کالج کولکاتا کے پرنسپل کے طور پر ایک بار پھر مقرر کر دیا تھا کیونکہ انھوں نے آر۔ جی۔ کر میڈیکل کالج سے استعفیٰ دے دیا تھا۔

اِس سے پہلے ہائی کورٹ نے ریاستی سرکار سے کہا تھا کہ اِس تفتیش کی تازہ ترین رپورٹ داخل کریں۔ عدالت نے سابق پرنسپل کا بیان ریکارڈ کرنے میں تاخیر کرنے پر بھی سوال کیا اور پوچھا کہ ریاستی سرکار، احتجاج کرنے والے ڈاکٹروں کی تشویش کو دور کرنے کیلئے کیا کر رہی ہے۔

آج خواتین کے قومی کمیشن کے وفد نے آر۔ جی۔ کر میڈیکل کالج کا دورہ کرکے صورتحال کا جائزہ لیا۔ اِس ٹیم کی ایک رکن محترمہ ڈیلینا کھنڈُپ نے کہا کہ اسپتال میں حفاظتی انتظامات بھر پور نہیں ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کالج کے سابق پرنسپل کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

*اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب*

اسی دوران مرکز نے احتجاج کرنے والے ڈاکٹروں کو یقین دلایا ہے کہ وہ کولکاتا کی ڈاکٹر کے قتل کیس میں ملوث ہر ایک شخص کے خلاف کارروائی کرے گا اور ڈاکٹروں پر حملے کے واقعات سے نمٹنے کیلئے سبھی ضروری اقدامات کرے گا۔

صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے نئی دلّی میں کہا کہ ڈاکٹرس کی ایسوسی ایشنوں کے وفود نے پچھلے دو دن کے دوران اُن سے ملاقاتیں کی ہیں اور اِس طرح کے واقعات پر اپنی تشویش ظاہر کی ہے۔

جناب نڈا نے کہا کہ انھیں اِس طرح کے واقعات کے بارے میں تشویش ہے اور وہ اِن واقعات پر قابو پانے کیلئے ہر ممکن اقدام کریں گے۔

S/B:J.P.Nadda-CBI

اسی دوران تازہ خبر ملی ہے کہ CBI نے اِس کیس کی تحقیقات کی ذمہ داری سنبھالی ہے۔ ذرائع کے مطابق CBI کی ایک ٹیم میڈیکل اور فورینسک لیب ٹیم کے ساتھ کل کولکاتا پہنچے گی۔

## NMC ADvisory

قومی میڈیکل کمیشن نے ایک ہدایت جاری کی ہے، جس میں سبھی میڈیکل کالجوں اور اداروں سے کہا گیا ہے کہ وہ اساتذہ، میڈیکل طلبا اور ریزیڈینٹ ڈاکٹروں سمیت عملے کے سبھی ارکان کیلئے کالج اور اسپتال میں کام کاج کے محفوظ ماحول کیلئے پالیسی تیار کریں۔ کمیشن نے یہ بھی کہا ہے کہ اِس پالیسی میں OPD، وارڈس، کیژیلٹی علاقوں، ہاسٹلوں اور کیمپس نیز رہائشی کوارٹروں میں، دیگر کھلے علاقوں میں وافر حفاظتی انتظامات کو یقینی بنائیں۔ x

## Kejriwal Kavita Custody

دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال اور BRS لیڈر کے کویتا کی دلّی ایکسائز پالیسی میں مبینہ گھپلے سے تعلق رکھنے والے کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں عدالتی تحویل کو 2 ستمبر تک بڑھا دیا گیا ہے۔ راؤز اوینیو کی عدالت

نے آج دونوں لیڈروں کی تحویل میں توسیع کی۔ عدالت میں، اب اِس کیس کی سماعت 2 ستمبر کو ہوگی۔ عام آدمی پارٹی کے رُکن پارلیمنٹ سنجے سنگھ اور سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا بھی عدالت میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے حاضر تھے۔ اِن دونوں کو ضمانت پر رہا کیا جاچکا ہے۔x

## Prez Address Independence Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 78ویں یومِ آزادی کے موقع پر کُل قوم سے خطاب کریں گی۔ اُن کا خطاب آکاشوانی کے مکمل قومی نیٹ ورک پر شام سات بجے نشر کیا جائے گا اور ہندی میں دوردرشن کے تمام چینلوں پر ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔ اِس کے بعد، اُن کا خطاب انگریزی میں نشر کیا جائے گا۔x

## Vice Prez Bike Rally

یوم آزادی کی تقریبات کے حصے کے طور پر، ہر گھر ترنگا مہم کے تحت پورے ملک میں ریلیوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ مہم، 15 اگست تک جاری رہے گی، جس کا مقصد شہریوں میں وطن پرستی کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔ مہم کے تحت حکومت نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے گھروں پر ترنگا لہرائیں اور ترنگے کے ساتھ ایک سیلفی لے کر اِسے 'ہر گھر ترنگا' ویب سائٹ پر اپلوڈ کریں۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج صبح نئی دلّی میں بھارت منڈپم سے ہر گھر ترنگا بائک ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ مرکزی وزراء گجیندر سنگھ شیخاوت، رام موہن نائیڈو کِنج راپو، کرن رجیجو اور منسکھ مانڈویہ بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ یہ ریلی، میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں ختم ہوئی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ دھن کھڑ نے کہا کہ ہر گھر ترنگا مہم سے ملک کی آزادی، فخر اور وکست بھارت کے تئیں عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

S/B: Jagdeep Dhankher on Harghar

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اروناچل پردیش میں 'ہر گھر ترنگا' ابھیان کے تحت 600 فٹ سے زیادہ طویل ترنگے کی یاترا کا انعقاد کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ اروناچل پردیش کے عوام کے دلوں میں وطن پرستی کی جڑیں پیوست ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ انھیں 'ہر گھر ترنگا' مہم کے تئیں اِس طرح کا جوش و جذبہ دیکھ کر بہت خوشی ہے۔

داخلی امور اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا کہ ترنگا یاترا، وطن پرستی کا اظہار ہے اور 2047 تک بھارت کو ترقی یافتہ بنانے کے ملک کے عزم کی علامت ہے۔

آج احمد آباد میں وراٹ نگر کے مقام پر ترنگا یاترا کا افتتاح کرتے ہوئے جناب شاہ نے ہر شہری خاص طور پر نوجوانوں سے زور دے کر کہا کہ وہ 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کے اِس ویژن کو پورا کرنے کے تئیں اپنے متعلقہ میدان میں ملک کی ترقی میں سرگرم تعاون دیں۔

## Tejas Tarang Shakti

ملک کی اب تک سب سے بڑی، کثیر ملکی فوجی مشق ''ترنگ شکتی'' کے دوران، ملک میں ہی تیار کیے گیے، ملکی جنگی طیارے Tejas نے، دنیا کے کچھ جدید ترین جنگی جیٹ طیاروں کے ساتھ ساتھ اپنے کرتب دکھائے۔ اِن جنگی طیاروں میں رفال اور یورو فائٹر ٹائیفون بھی شامل ہیں۔

یہ تقریب، تمل ناڈو میں Sulur فضائی ٹھکانے پر منعقد کی گئی، جس میں Tejas نے سب کی توجہ اپنی طرف مبذول کرلی، جس کیلئے فوج کی سرکردہ شخصیتوں نے اِس طیارے کی تعریف کی۔ اِن شخصیتوں میں فرانس، جرمنی اور اسپین کی فضائیہ کے سربراہان بھی شامل ہیں۔ اِن فوجی مشقوں کے حصے کے طور پر، جن میں گیارہ ملک شامل ہیں، Tejas نے اپنے حیرت انگیز کرتب دکھائے۔

جرمنی کی فضائیہ کے سربراہ Ingo Gerhart اور فرانس کے اُن کے ہم منصب نے آج Tejas میں فضائی سفر کیا اور اِس کی صلاحیتوں کو سراہا۔

Tejas کو ہندوستان ایروناٹکس لمٹیڈ نے تیار کیا ہے، جس میں جدید ترین خاصیتیں موجود ہیں۔ یہ طیارہ فضا سے فضا اور فضا سے زمین پر حملے اور دفاع، دونوں طرح کی کارکردگی انجام دینے کا اہل ہے۔ x

## India Australia Terrorism

انسداد دہشت گردی سے متعلق بھارت-آسٹریلیا مشترکہ ورکنگ گروپ کی 14ویں میٹنگ نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران، عالمی انسداد دہشت گردی کے چیلنجوں اور دونوں ملکوں کے درمیان جاری انسداد دہشت گردی کے تعاون کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ بھارت اور آسٹریلیا نے ہر طرح کی اور ہر شکل میں دہشت گردی کی سختی کے ساتھ مذمت کی اور ایک جامع اور پائیدار طریقے میں دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کیلئے بین الاقوامی تعاون کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ فریقین نے سرحد پار کی دہشت گردی کیلئے دہشت گردانہ Proxies استعمال کرنے کی مذمت کی۔ دونوں ملکوں نے گھریلو، علاقائی اور عالمی دہشت گردی کے خطرے کے جائزوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

وزارت خارجہ میں انسداد دہشت گردی کے جوائنٹ سکریٹری K.D. Dewal اور آسٹریلیا کے خارجی امور اور تجارت کے محکمے میں انسداد دہشت گردی کے سفیر Richard Feakes نے اپنے اپنے وفد کی قیادت کی۔x

## Coal Min

کوئلے کی وزارت نے، کانکنی کی عالمی کمپنیوں کے توسط سے کوئلہ کی کانکنی کو فروغ دینے کیلئے ایک منصوبے کا اعلان کیا ہے۔ وزارت نے بتایا کہ کانکنی کو فروغ دینے اور اِس سلسلے میں کام کاج کرنے والی کمپنیوں کو شامل کرنے کا بنیادی مقصد، کوئلہ نکالنے کے کام کاج کو بلا رکاوٹ بنا کر، پیداواریت میں اضافہ کرکے اور کانکنی پر آنے والی لاگت کو کم کرکے، کانکنی میں خاطر خواہ اضافہ کرنا ہے۔ اِن کمپنیوں کو کانوں کی کھدائی، کوئلہ نکالنے اور کول انڈیا لمٹیڈ کو کوئلہ فراہم کرنے کا کام سونپا گیا ہے۔ اِن کمپنیوں کو عالمی سطح پر کھلے ٹینڈرز کے ذریعے منتخب کیا گیا ہے۔x

## Rijiju Haj Application

اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اقلیتی امور کے وزیرِمملکت جارج Kurian کے ساتھ آج نئی دلّی میں حج ایپلی کیشن - 2025 اور Jiyo Parsi اسکیم پورٹل کا آغاز کیا۔ آغاز کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ سعودی عرب نے حج 2025 کیلئے بھارت کو ایک لاکھ 75 ہزار سے زیادہ حج زائرین کا کوٹہ الاٹ کیا ہے۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ بھارت کی حج کمیٹی کی ویب سائٹ کے ساتھ ساتھ، پہلی مرتبہ حج سُووِدھا ایپ پر درخواستیں مدعو کی جارہی ہیں۔ جناب رجیجو نے کہا کہ حج انتظامیہ میں کی گئی بڑی اصلاحات میں سے ایک یہ ہے کہ 45 سال یا اُس سے زیادہ کی مسلم خواتین کو، بنا محرم کے خواتین (LWM) زمرے کے تحت، بغیر کسی محرم (مرد ساتھی) کے حج کرنے کی اجازت دینا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ 2024 میں LWM زمرے کے تحت چار ہزار 558 خواتین نے فریضۂ حج ادا کیا ہے جو کہ اب تک سب سے زیادہ تعداد ہے۔x

## Waqf committee

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے BJP کے ممبر پارلیمنٹ جگدمبیکا پال کو، وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ کمیٹی کا صدرنشیں مقرر کیا ہے۔ 31 ارکان پر مشتمل اِس کمیٹی کی تشکیل بل پر مزید غور و خوض کیلئے کی گئی ہے۔

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران، جو حال ہی میں ختم ہوا ہے، یہ بل لوک سبھا میں پیش کیا گیا تھا، جسے بعد میں مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیج دیا گیا تھا۔

یہ کمیٹی، پارلیمنٹ کے موسمِ سرما کے اجلاس کے پہلے ہفتے کے آخری دن اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ x

## TRAI Spam Call

بھارت کی ٹیلی کام ریگولیٹری اتھارٹی TRAI نے لازمی قرار دیا ہے کہ تمام Access Service Providers، تمام غیر اندراج شدہ سینڈرس یا ٹیلی مارکیٹرس کی جانب سے صوتی پرموشنل کالز کرنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کردیں تاکہ SPAM کالز کی بڑھتی ہوئی تعداد کو روکا جاسکے۔ مواصلات کی وزارت نے کہا کہ اگر کوئی غیراندراج شدہ سینڈر، تجارتی وائس کالز کیلئے اپنے ٹیلی کام وسائل کا غلط استعمال کرتے ہوئے پایا گیا تو اُنہیں اصل Access Provider کے ذریعے دو سال تک کی مدت کیلئے بلیک لسٹ کردیا جائے گا۔ اتھارٹی نے مزید کہا کہ بلیک لسٹ ہونے کی مدت کے دوران، اِس طرح کے سینڈرس کو کسی بھی Access Provider کے ذریعے ٹیلی کام کے کسی طرح کے نئے وسائل الاٹ نہیں کیے جائیں گے۔x

## ECI Home Secretary

انتخابی کمیشن، جموں وکشمیر میں سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے کُل مرکزی داخلہ سکریٹری اجے بھلّا کے ساتھ ملاقات کرے گا۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار کی زیر قیادت کمیشن نے حال ہی میں مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے کا دورہ کیا اور جموں وکشمیر میں انتخابی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ جموں میں ایک پریس کانفرنس کے دوران، جناب کمار نے

زور دے کر کہا کہ کمیشن، جموں وکشمیر میں جلد از جلد انتخابات کرانے کے تئیں عہد بند ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ مرکز کے زیرِ انتظام اِس علاقے میں انتخابی عمل کو کوئی بیرونی یا اندرونی قوت روک نہیں سکتی۔x

### Haryana CM

ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نایاب سنگھ سینی نے آج 600 پروجیکٹوں میں سے، کچھ کا افتتاح کیا اور کچھ کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ تقریب، پنچکولہ میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کی گئی۔ ریاست بھر کے اِن 600 پروجیکٹوں پر تقریباً 34 ارب روپے کا خرچ آئے گا۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے TGT- پنجابی کے 104 امیدواروں اور گروپ۔ڈی کے 3 ہزار 878 امیدواروں کو تقرر نامے بھی تقسیم کیے۔انھوں نے وزیر اعلیٰ کی دیہی ہاؤسنگ اسکیم 'وِستار پورٹل' کا بھی آغاز کیا۔ اِس اسکیم کے ذریعے گاؤوں میں 100 گز کے Plots اور مہاگرام میں 50 گز کے Plots، اُن غریب افراد کو فراہم کیے جائیں گے، جن کے پاس کوئی زمین نہیں ہے۔ x

### SC Ramdev

سپریم کورٹ نے یوگا گرو بابا رام دیو اور Patanjali آیوروید کے مینیجنگ ڈائریکٹر آچاریہ بال کرشنا کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کو، اُن کی معافی قبول کرتے ہوئے، ختم کردیا ہے۔ عدالت عظمیٰ نے، کمپنی کے ذریعے گمراہ کن اشتہارات کی مسلسل اشاعت پر رام دیو اور بال کرشنا کو جاری کردہ توہین عدالت کے نوٹس کو خارج کردیا۔ اِس سال مئی میں جسٹس ہیما کوہلی اور جسٹس احسان الدین امان اللہ کی ایک بینچ نے اِس معاملے میں اپنے فیصلے کو محفوظ رکھا تھا۔x

### Delhi Metro

دلّی میٹرو 15 اگست کو اپنی خدمات صبح چار بجے شروع کرے گی تاکہ عوام کو یومِ آزادی کی تقریب میں شرکت کیلئے سہولت فراہم کی جاسکے۔ میٹرو خدمات تمام لائنوں پر صبح 6 بجے تک 15 منٹ کے وقفے سے اور اُس کے بعد پورے دن معمول کے مطابق خدمات دستیاب ہوگی۔x

### IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے مغربی ہمالیائی خطے، اترپردیش، ہماچل پردیش اور مشرقی بھارت میں آئندہ سات دنوں کے دوران شدید بارش جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ہریانہ، راجستھان اور شمال مشرقی بھارت میں بھی آئندہ چار سے پانچ دنوں تک شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے دفتر نے پیشگوئی کی ہے کہ ہفتے کے دوران مشرقی حصوں اور شمال مشرق میں ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، گوا، گجرات، وسطی مہاراشٹر، جموں وکشمیر، ہریانہ اور دلّی میں ہفتے کے دوران ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کا بھی امکان ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆